Seat No

2024 | III | 22 | 1100

(U)

# N 665

## SOCIAL SCIENCES (73)
## HISTORY AND POLITICAL SCIENCE PAPER-I

(REVISED COURSE)

Time : 2 Hours (Pages 8) Max. Marks : 40

ہدایات :-

(۱) تمام سوالات / سرگرمی حل کرنا لازمی ہیں۔

(۲) بائیں طرف مارکس دیئے گئے ہیں۔

(۳) سوال نمبر 1 تا 5 سرگرمی تاریخ اور سوال نمبر 6 تا 9 سیاسیات پر مبنی ہیں۔

(۴) سوال نمبر ۲ (الف) اور سوال نمبر ۸ (ب) کے تصوراتی خاکے کے پینسل / قلم (پین) سے بنانا لازمی ہیں۔

(۵) سوال نمبر ۱ (الف) اور ۱ (ب) اور سوال نمبر 6 ۔ ان سوالات کے جوابات جوابی پرچے میں ایک سے زائد مرتبہ لکھے گئے ہوں تو پہلا لکھا جواب ہی مارکس کے لئے لیا جائے گا۔

P.T.O

3 سوال نمبر ۱ :- (الف) دیئے ہوئے متبادلات میں سے مناسب متبادل چُن کر بیانات مکمل کیجئے :

(۱) سنگ تراشی کا متھرا طرز ..................... عہد میں وجود میں آیا۔

(الف) کشان

(ب) گپت

(ج) راشٹرکوٹ

(د) موریہ

(۲) مہابلیشور کے قریب بھلار نامی جگہ '..................... کا گاؤں' کے نام سے مشہور ہے۔

(الف) کتابوں

(ب) نباتات

(ج) آموں

(د) قلعوں

(۳) ''انسانی تاریخ گروہی جدوجہد کی تاریخ ہے'' ایسا خیال ..................... اِس فلسفی نے پیش کیا۔

(الف) وولٹیئر

(ب) جارج ولہیلم فریڈرک ہیگل

(ج) لیو پالڈوان رانکے

(د) کارل مارکس

3 (ب) درج ذیل غلط جوڑی پہچان کر دوبارہ لکھئے۔

(۱) (i) کُٹی یٹّم — کیرالا کی سنسکرت ڈرامائی روایات

(ii) رمّن — مغربی بنگال کا رقص

(iii) رام لیلا — اتر پردیش میں رامائن کی روایتی پیشکش

(iv) کالبیلیا — راجستھان کا لوک سنگیت اور لوک رقص

(۲) (i) دشاوتارا — تیاگ راج

(ii) کھنجری بھجن — راشٹر سنت تکڈو جی مہاراج

(iii) کیرتن — سنت نام دیو

(iv) بھاروڑ — سنت ایکناتھ

(۳) (i) جیمس مل — نسائی تاریخ نویس


(ii) فریڈرک میکس میولر — مستشرق محقق

(iii) جسٹس مہادیو گووند راناڈے — قوم پرست تاریخ نویس

(iv) دامودر کوسمبی — مارکس وادی تاریخ نویس


4 سوال نمبر۲ :- (الف) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے۔ (کوئی دو)

(۱) خاکہ مکمل کیجئے۔



(۲) خاکہ مکمل کیجئے۔

بھارت کے عالمی ورثے کے قدرتی مقامات :-




(۳) درج ذیل جدول مکمل کیجئے۔

| | للت | بھاروڑ |
|---|---|---|
| خصوصیات | | |
| مثال | | |

(ب) مختصر نوٹ لکھئے۔ (کوئی دو) 4

(۱) فرہنگِ مقامات (استھل کوش)

(۲) استشراقی تاریخ نویسی

(۳) بھارت کی آزادی کی جدوجہد میں اخبارات کا کردار

سوال نمبر۳ :- دیئے ہوئے بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجئے۔ (کوئی دو) 4

(۱) فوکو اپنی طرزِ تحریر کو 'علم کا آثارِ قدیمہ' کہتے تھے۔

(۲) چترکتھی جیسی مٹتی ہوئی روایتوں کو دوبارہ زندہ کرنا ضروری ہے۔

(۳) کھلونے تاریخ کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔

(۴) عالمی تاریخی وراثتی مقامات کی فہرست یونیسکو کے ذریعے جاری کی جاتی ہے۔

سوال نمبر۴ :- درج ذیل عبارت کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ 4

میجر دھیان چند ایک ماہر ہاکی کھلاڑی اور بھارتی ہاکی ٹیم کے کپتان تھے۔ ان کی کپتانی میں ۱۹۳۶ء میں بھارتی ہاکی ٹیم نے برلن میں منعقدہ اولمپک میں گولڈ میڈل جیتا۔ اس سے پہلے ۱۹۲۸ء اور ۱۹۳۲ء میں بھی بھارتی ہاکی ٹیم نے گولڈ میڈل جیتے تھے۔ اس وقت دھیان چند بھارتی ہاکی ٹیم کے رکن تھے۔ ان کے یومِ پیدائش ۲۹ راگست کو ''قومی کھیل دن'' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ انھیں ''ہاکی کا جادوگر'' کہا جاتا ہے۔ ہاکی کے شعبے میں ان کے کارناموں کے اعتراف میں انھیں ۱۹۵۶ء میں ''پدم بھوشن'' اعزاز سے نوازا گیا۔

(۱) 'ہاکی کا جادوگر' کسے کہا جاتا ہے؟ 1

(۲) بھارت میں میجر دھیان چند کا یومِ پیدائش کون سے دن کے طور پر منایا جاتا ہے؟ 1

(۳) اولمپک کھیل میں میجر دھیان چند کی کارکردگی مختصر بیان کیجئے۔ 2

سوال نمبر۵ :- درج ذیل سوالات کے مفصل جوابات لکھئے۔ (کوئی دو) 6

(۱) نسائی تاریخ نویسی سے کیا مراد ہے؟

(۲) کتب خانوں کا انتظامیہ کیوں اہم ہے؟

(۳) واضح کیجئے کہ فن کے شعبے میں کون سے پیشے وارانہ مواقع میسّر ہیں۔

(۴) دشاوتاری ڈراموں کے بارے میں معلومات لکھئے۔

سوال نمبر۶ :- مناسب متبادل چُن کر بیانات کو مکمل کیجئے۔ 2

(۱) دستور میں ۷۳ ویں، ۷۴ ویں ترمیمات کے ذریعے ............................ کے اختیارات میں اضافہ ہوا ہے۔

(a) وِدھان سبھا

(b) مقامی حکومتی ادارے

(c) لوک سبھا

(d) راجیہ سبھا

(۲) دنیا کے تمام جمہوری ملکوں کو درپیش سب سے بڑا چیلنج ............................ ہے۔

(a) مذہبی تصادم

(b) نکسل وادی کارروائیاں

(c) جمہوریت کو مضبوط بنانا

(d) غنڈہ گردی کی اہمیت

سوال نمبر۷ :- درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط وجوہات کے ساتھ بیان کیجئے۔ (کوئی دو) 4

(۱) مخصوص حالات میں الیکشن کمیشن کسی حلقۂ انتخاب میں دوبارہ انتخاب کرواتا ہے۔

(۲) متحدہ محاذ حکومت کی وجہ سے عدم استحکام پیدا ہوتا ہے۔

(۳) صارفین کی تحریک وجود میں آئی۔

سوال نمبر۸ :- (الف) درج ذیل تصورات کو واضح کیجئے۔ (کوئی ایک) : 2


(۱) سیاست کی مجرمانہ نوعیت۔

(۲) حقوق اساس نقطہ نظر۔


(ب) دی گئی ہدایت کے مطابق عمل کیجئے۔ (کوئی ایک) : 2

(ا) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے :

## انتخابی طریق عمل



(۲) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے:




سوال نمبر۹ :- درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ (کوئی ایک) 2

(۱) سماجی انصاف قائم کرنے سے کیا مراد ہے؟

(۲) وسط مدتی انتخابات سے کیا مراد ہے؟

◆◆◆